
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ رحمٰن

تیسری جماعت کے لئے

## مکئی والا



تحریر : سمیع مصطفیٰ   تصویریں : عالیہ چنائے

کہانی مکئی والا تیسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ کہانی کا بنیادی مقصد بچوں کی قوت مشاہدہ کو تیز کرنا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ہماری زندگی میں پائے جانے والے ان بہت سے اہم کرداروں کی نشاندہی بھی کرنا ہے جن سے ہمارا سابقہ ہر وقت رہتا ہے۔ ان افراد سے بچے خاص طور پر اپنی وابستگی کا اظہار بخوبی کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے بچوں سے بات چیت کرنا نہ صرف آسان بلکہ بڑا موثر بھی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ان پیشوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی عزت اور اہمیت کو اجاگر کرنا بھی اس کہانی کا مقصد ہے۔

اس ٹیچرز گائیڈ میں کہانی کو پڑھانے کو جس طرح مختلف سیشن (کلاس پیریڈ) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہ محض ایک تجویز ہے۔ کہانی کی ٹیچرز گائیڈ پر کام کرتے وقت بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کے پیش نظر اس کی ترتیب اور مواد میں ردوبدل کیا جا سکتا ہے۔

## پہلا سیشن

کہانی کا تعارف دو طرح سے کروایا جا سکتا ہے۔

اگر اسکول کے آس پاس سے کوئی مکئی والا گزرتا ہے تو اس سے اپنی اور اس کی سہولت اور کلاس کے وقت کے مطابق وقت طے کر لیجئے اور اسکول کے میدان میں مکئی والے سے بچوں کی ملاقات کر وایئے۔ بچے اس کے ٹھیلے کا معائنہ کریں۔ اس سے مختلف سوال پوچھیں۔

دوسرا طریقہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کتابوں کی تقسیم سے پہلے کہانی سے متعلق چند الفاظ کے فلیش کارڈ بنا لیں۔ مثلاً مکئی۔ ٹھیلا۔ لکڑی۔ نمک۔ چھلنی۔ خوشبو۔ تھیلی۔ یہ فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور بچوں سے پوچھئے ان الفاظ کو پڑھ کر ان کے ذہن میں کیا آتا ہے۔ جب بچے اچھی طرح بوجھ لیں اور جان لیں تو کتابیں بچوں میں تقسیم کیجئے۔

اس کے بعد کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنایئے اور مکئی والے کے حوالے سے بچوں سے بات چیت کیجئے۔ پھر کہانی کے درج ذیل الفاظ کو اچھی طرح سمجھایئے۔

| | |
|---|---|
| ا۔ لکڑی سلگائی | لکڑی جلائی |
| ۲۔ نمک دہکنے لگا | نمک خوب گرم ہو گیا |
| ۳۔ شعلے اٹھنا | لپٹیں اٹھنے لگیں |
| ۴۔ بھنے چنے | بغیر تیل یا گھی کے آگ یا ریت یا نمک میں پکانا |
| ۵۔ گھیر لیا | ارد گرد قریب ہو کر کھڑے ہو گئے |
| ۶۔ تپتا نمک | بہت گرم نمک |

کہانی کی پڑھائی اور الفاظ سمجھانے کے بعد بچوں سے مکئی والے کے ٹھیلے پر نظر آنے والی اشیاء کی فہرست بنوائیں۔ فہرست بنانے کا کام بچوں کے ساتھ مل کر بورڈ پر ترتیب دیجئے۔

## گھر کا کام :

مکئی والے کے ٹھیلے پر کیا کیا چیزیں ہوتی ہیں۔ بچے گھر سے فہرست بنا کر لائیں۔

## دوسرا سیشن

آج کوئی بھی دوسرا کام کرنے سے پہلے بچوں کی گھر کے کام کی کاپیاں کھلوایئے اور دیکھئے کہ وہ کون بچے ہیں جنہوں نے فہرست میں کم از کم پانچ الفاظ بھی نہیں لکھے۔ آپ کے لئے یہ بات توجہ طلب ہونا چاہئے کہ انہوں نے ایسا کیوں کیا ہے کہیں ایسا تو نہیں کہ ان بچوں کی قوت مشاہدہ دوسرے بچوں سے کمزور ہے۔

آج بچوں سے مختلف پیشوں اور اس کے حوالے سے بات کیجئے۔ بچوں کو بتایئے کہ ہماری زندگی میں کام کرنے

والے ہر فرد کی کتنی اہمیت ہے۔ چاہے اس کا تعلق کسی بھی شعبہ سے ہو۔ مثلاً دھوبی۔ کسان۔ مکینک۔ سبزی فروش۔ درزی۔ حجام۔ قصائی۔ بڑھئی۔ نان بائی۔ حلوائی۔ لوہار۔ سنار۔ ڈاکیہ۔ موچی۔ رنگریز۔ باورچی۔ اگر یہ لوگ نہ ہوں تو ہماری زندگی کا کاروبار نہیں چل سکتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ بچوں کو یہ بھی بتایئے کہ ان لوگوں کا کام کوئی آسان کام نہیں۔ مثلاً سبزی فروش صبح سویرے اٹھتا ہے۔ منڈی سے سبزی لا کر' دھوپ ہو چاہے بارش ٹھیلے پرآواز لگا کر سبزی فروخت کرتا ہے۔ جو کہ ایک مشکل ترین کام ہے۔ اسی طرح کسان ہو چاہے مکینک ہر ایک کا کام اپنی اپنی جگہ پر مشکل اور اہم ترین ہے۔

پیشوں سے متعلق ترتیب دی گئی فہرست کو بچے اپنی کاپیوں میں بورڈ سے نقل کریں گے۔

## گھر کا کام :

کسی بھی تین پیشوں کے بارے میں تین سے چار جملے لکھئے۔

## تیسرا سیشن

اس کلاس میں جانے سے پہلے فلیش کارڈ پر مکئی والے کے ٹھیلے پر مکئی بھوننے کے عمل کو ترتیب وار ایک ایک لائن میں لکھ لیں۔

۱۔ مکئی والا اسکول گیٹ پر آیا۔
۲۔ اس نے لکڑی سلگائی۔
۳۔ مٹی کے چولہے پر نمک سے بھری کڑھائی رکھی۔
۴۔ نمک دہکنے لگا۔
۵۔ نمک میں چنے اور مکئی بھونی۔
۶۔ اسکول کی گھنٹی بجی۔ بچے دوڑے آ گئے۔
۷۔ مکئی اور چنے چھلنی میں ڈالے۔

۸۔ مکئی والے نے بچوں سے پیسے لئے۔
۹۔ بچوں کو مکئی اور چنے کی تھیلیاں دیں۔

اب اس ترتیب کو الٹ پلٹ کر دیجئے اور بچوں سے پوچھئے کہ ترتیب کے حساب سے کون سا پہلے نمبر پر آئے گا، کون سا دوسرے نمبر پر۔ جب یہ مشق اچھی طرح ہو جائے تو بچوں سے کہئے کہ وہ 'مکئی والا' کے عنوان سے مضمون کی لکھائی کا کام کریں۔ ساتھ ہی ساتھ افعال (verb) بھی انڈر لائن کریں۔

نوٹ :

اس مشق کا مقصد بچوں کو یہ بھی سکھانا ہے کہ مضمون ترتیب وار کیسے لکھا جاتا ہے۔

## گھر کا کام :

بچے سبق اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔ کہانی میں سے املا لیا جائے گا۔

## چوتھا سیشن

املا اور املا کی اصلاح کے بعد آج بچوں سے 'مکئی' اور اس سے بننے والی چیزوں کے بارے میں بات کیجئے۔
مثلاً 'مکئی' سے پاپ کارن بنتے ہیں۔ مکئی کی روٹی ہمارے دیہاتوں میں لوگ بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔
مکئی کے دانوں کو پیس کر آٹا بنایا جاتا ہے۔ مکئی کے دانوں سے تیل بھی نکالا جاتا ہے۔ مکئی اور مکئی کے استعمال سے متعلق کام کو بچوں سے چارٹ پیپر پر کروا کے سافٹ بورڈ پر بھی لگایا جا سکتا ہے۔

## پانچواں سیشن

آج بچوں کو یہ بتایئے کہ جس طرح مکئی والا اپنے ٹھیلے پر مکئی کو بھون کر گلی گلی فروخت کرتا ہے۔ اسی طرح گاؤں دیہات میں خواتین بھی مختلف طرح کی دالوں کو بھون کر فروخت کرنے کا کام کرتی ہیں۔ ایسی خاتون کو بھڑ بھوجن کہتے ہیں۔ آج ہم بھڑ بھوجن سے متعلق دلچسپ نظم سنیں گے۔

### دال چنے کی

دال چنے کی بڑے مزے کی
بھڑ بھوجن نے ہم کو کھلائی
پہلے اس نے ایک کڑاہی
ریت تھی جس میں خوب تپائی
مٹھی چنوں کی اس میں ڈالی
پھر تنکوں سے ریت ہلائی
گرم چنوں پر جب وہ تڑکے
اک ہنڈیا سی اس نے چلائی
پھر چھلنی سے ان کا نکالا
اور اچھالا ریت گرائی
اگلے پل میں سب چھلکوں کی
جو تھے چنوں کی کر کے صفائی
بھڑ بھوجن نے دال چنے کی
گرم اور خستہ ہم کو کھلائی

## چھٹا سیشن

اس سیشن میں بچوں کو مختلف پیشوں کے حوالے سے تیار کروایئے مثلاً کوئی مٹی والا بن جائے کوئی سبزی والا۔ کوئی باورچی اور کوئی رنگریز۔ بچے پیشے سے متعلق چند جملے کہیں اور اداکاری کریں۔ یہ کام اسکول اسمبلی میں کر وایا جائے تو زیادہ مناسب رہے گا۔

بچوں کو پیشوں سے ہی متعلق چند اشعار بھی سکھائے جاسکتے ہیں۔

نوٹ :

اس ٹیچرز گائیڈ میں چند نظمیں بھی دی جا رہی ہیں۔

### رنگریز

میں ہوں اپنے کام میں تیز
کہتے ہیں مجھ کو رنگریز

کپڑا رنگنا کام میرا
ہے اس فن میں نام میرا

رنگ ہیں دنیا میں جتنے
کیسے ہیں اور ہیں کتنے

رنگتا ہوں یہ سارے رنگ
سارے پیارے پیارے رنگ

## موچی

دیکھئے موچی کی یہ دوکان ہے
کچھ نمائش ہے نہ کوئی شان ہے

اک طرف اوزار ہیں رکھے ہوئے
ہیں پرانے ان میں کچھ کچھ ہیں نئے

یہ پھٹے جوتے کو کرتا ہے نیا
اپنی اس محنت کا پاتا ہے صلہ

## معمار (راج)

راج ہے یہ یا ہے معمار
رہ نہیں سکتا یہ بے کار

بنگلے کوٹھی اور دکان
اونچے عالی شان مکان

فرش چھتیں کونے گوشے
اس کی ہی محنت سے بنے

خوب ہے یہ معمار
اہل ہنر میں اس کا شمار

نوٹ :

اساتذہ اسی طرح دوسرے پیشوں سے متعلق نظمیں خود بھی ترتیب دے کر بچوں کو سکھا سکتے ہیں۔

## اضافی عملی کام

۱۔ اگر ممکن ہو تو بچوں کو مکئی سے بننے والی روٹی اسکول میں پکوا کر کھلائیں۔
۲۔ مکئی کے دانوں سے پاپ کارن بنانے کا عمل بھی بچوں کو اسکول میں دکھایا جا سکتا ہے۔
۳۔ مکئی اور مکئی سے بننے والی اشیاء کے متعلق معلومات سادہ اور آسان زبان میں سمجھائیں۔ نمونے کے طور پر ایک پیراگراف یہاں دیا جا رہا ہے۔

## مکئی کے بارے میں تفصیلات

مکئی کے پودے کا تعلق گھاس کے خاندان سے ہے۔ پودے کی لمبائی چھ سے دس فٹ تک ہوتی ہے۔ مکئی کے دانوں کو پیس کر آٹا بنایا جاتا ہے۔ جس کی روٹی ہمارے گاؤں دیہات کے لوگ بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ مکئی کے دانوں سے پاپ کارن بنائے جاتے ہیں۔ مکئی کے دانوں سے تیل بھی نکالا جاتا ہے۔ جو صحت کے لئے فائدہ مند ہے۔ مکئی (corn) سے کارن فلیکس بھی بنتے ہیں۔ جو دودھ میں ملا کر بچے اور بڑے بہت شوق سے کھاتے ہیں۔

# مکئی والا

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
مطبع ٹیچرز گائیڈ : کفایت اکیڈمی

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk
@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories